# MA Programme Specific Outcome

# (Urdu)

## پروگرام کا تخصیصی ماحصل

1. اس کورس کا مقصد ایم۔ اے کے طلباء کے اندر اردو فہمی پیدا کرنا ہے ساتھ ہی زبان و ادب کی اہمیت و افادیت سے واقف کرانا ہے۔

2. اردو ایک عوام الناس کی پسندیدہ زبان ہے جو روزمرہ گفتگو سے لے کر میدانِ تحریر و تقریر میں ایک اہم رول ادا کرتی ہے لہٰذا طلباء میں اردو زبان و ادب کا شعور پیدا کر کے اسے عصری فوائد حاصل کرنے کے لئے تیار کرنا ہے کیونکہ زبان انسان کی تہذیبی، اخلاقی اور تمدنی اصلاح کرتی ہے طلباء کی عملی زندگی میں اس کے ذریعہ تہذیب و شائستگی پیدا کرنا مقصود ہے۔

3. مختلف ادبی تحریکات و رجحانات کا علم فراہم کرانا، تحقیقی و تنقیدی شعور ابھارنا، مختلف اصناف کے ذریعہ طلباء میں اتنی صلاحیت پیدا کرنا کہ وہ بذاتِ خود اپنے پیروں پر کھڑے ہو سکیں۔

4. اردو مشترکہ ہندوستانی تہذیب کی علامت ہے اردو کے کلاسیکی و جدید ادب کے ذریعہ اس مشترکہ تہذیبی روایت سے آگاہی کے ذریعہ ان عناصر کو مستحکم کرنا اعتماد و اتفاق کی فضا پیدا کرنا اور یہ ذہن نشین کرانا کہ ہندوستانی تہذیبی اقدار کو مزید نمایاں کر سکیں اور وہ ایک محبِ وطن بن سکیں۔

5. اردو زبان و ادب جدید ہندوستان کی تعمیر و ترقی میں نمایاں کردار ادا کرنے کے قابل بن سکیں، خود ادب تخلیق کر سکیں اور زندگی کے پیچیدہ مسائل کو مثبت انداز میں حل کرنا سیکھ سکیں زبان و ادب کے ساتھ اپنی شخصیت کو سنوار کر سماج میں بہتر تعمیری کردار ادا کر سکیں۔

MA Urdu <u>Semester I</u> 2019-2

Paper I Origin and Development of Urdu Language

اردو زبان کا آغاز و ارتقاء

1- زبان کی اہمیت اور افادیت سے واقف کراتے ہوئے طلبا کو اردو کی ابتدا کے عوامل اور محرکات سے واقف کرانا

2- اردو زبان کا خاندانی پس منظر اس کی پیدائش و آغاز کے متعلق مختلف نظریات سے واقف کراتے ہوئے مختلف ہندوستانی زبانوں سے اس کا رشتہ اور ان کے اخذ و استفادے سے روشناس کرانا۔

3- اردو رسم الخط، اردو املا، صحیح تلفظ اور لب و لہجہ سے واقف کرانا۔

4- اردو کی نشو و نما میں صوفیائے کرام کی خدمات کا جائزہ لیتے ہوئے اس کی موجودہ صورتحال کے ساتھ ساتھ موجودہ عہد میں اردو بطور رابطہ کی زبان ہونے کا علم بہم پہنچانا۔

Paper II Literary Tradition of Urdu

اردو کی ادبی روایت

1- اردو ادب کے مختلف ادوار سے طلبا کو متعارف کرانا۔

2- اٹھارہویں اور انیسویں صدی کے ادب اور ان سے وابستہ شعرا اور مصنفین کی فنی اور فکری خوبیوں سے واقف کرانا

3- اردو کی اہم شعری اور نثری اصناف کا تعارف کراتے ہوئے اردو ادب کی اہم تحریکات و میلانات کے زیر اثر پروان چڑھنے والے ادب سے واقف کرانا۔

MA Urdu Semester I 2019-2

Paper III Research & Criticism

تحقیق و تنقید

1۔ تحقیق و تنقید کی تعریف و تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کے اصول سے طلباء کو آگاہ کرانا۔

2۔ طالبات میں تحقیق کے اصول اور اس کے طریقہ کار کی معلومات فراہم کراتے ہوئے اس کی اہمیت اور افادیت سے روشناس کرانا۔

3۔ تنقیدی دبستان مثلاً مشرقی تنقید، مغربی تنقید، کلاسیکی تنقید اور مارکسی تنقید وغیرہ کا علم دیتے ہوئے مختلف محققین و ناقدین کی تحقیقی و تنقیدی کاوشوں سے آگاہ کرانا۔

Paper IV (B) Urdu Drama

(ب) اردو ڈراما

1۔ اردو ڈراما کے فن کو سمجھاتے ہوئے ادب میں اس کی ابتدا اور ارتقا سے طلباء کو روشناس کرانا۔

2۔ طلباء کو ڈراما کے مختلف اقسام مثلاً اسٹیج ڈراما، ریڈیو ڈراما، ٹی وی ڈراما، نکڑ ناٹک سے طلباء کو متعارف کرانا۔

3۔ اردو کے معروف ڈراما نگاروں سے متعلق معلومات طلباء کو فراہم کراتے ہوئے معروف ڈراما نگاروں کے بارے میں طلباء کو جانکاری دینا

4۔ مخصوص مطالعہ متن کے درس کے ذریعے طلباء کو ڈراما کے اہم اجزاء سے آشنا کرانا۔

MA Urdu **Semester II** 2019-2

## Paper VI Urdu Ghazal

## اردو غزل

1- غزل کی تاریخ، فن اور غزل کی روایت سے واقف کرانا۔

2- غزل کے موضوعات و اسالیب کے ساتھ ساتھ غزل کی عالمگیر مقبولیت کے اسباب سے روشناس کرانا

3- اردو غزل کا طریقہ عہد ارتقاء سے واقف کراتے ہوئے طالبات کو اہم غزل گو شعراء کی فنی و فکری خوبیوں سے واقف کرانا۔

4- جدید غزل اور غزل گو شعرا کی فکری و فنی خوبیوں سے روشناس کراتے ہوئے طلباء میں غزل کے تاریخی کردار سے واقفیت اور ہم آہنگی پیدا کرنا

## Paper VII Urdu Fiction

## اردو فکشن

1- طلباء کو اردو فکشن کی مختلف اصناف مثلاً داستان، ناول، افسانہ، انشائیہ وغیرہ کے فن سے واقفیت کراتے ہوئے اس کی روایت پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کے آغاز و ارتقاء سے آگاہ کرانا۔

2- مختلف ادبی ادوار مثلاً ترقی پسند تحریک سے قبل کا دور، ترقی پسند دور اور جدید دور کے حوالے سے اہم فکشن نگاروں مثلاً میر امن، نذیر احمد، سعادت حسن منٹو، کرشن چندر، قرۃ العین حیدر وغیرہ کی ادبی خدمات کی اہمیت اور ان کی اہم تصنیفات سے طلباء کو روشناس کرانا۔

3- خاص مطالعہ متن مثلاً باغ و بہار، کفن، آخری موم بتی، سوری، وغیرہ کے ذریعہ طالب علموں کو فکشن کی فنی خوبیوں اور اس کے ادبی پہلوؤں سے واقف کرانا۔

2019-20

# MA Urdu Semester II

## Paper VIII NON-Fictional Prose غیر افسانوی نثر

۱۔ طلباء کو غیر افسانوی نثر کا تعارف پیش کرتے ہوئے مختلف غیر افسانوی نثری اصناف مثلاً خاکہ نگاری، انشائیہ نگاری، مضمون نگاری، رپورتاژ وغیرہ کے متعلق اہم معلومات فراہم کرنا۔

۲۔ طلباء کو غیر افسانوی نثر مثلاً طنز و مزاح، سفرنامہ، خطوط نگاری وغیرہ کی خوبیاں اور امتیازات سمجھاتے ہوئے ان کی روایت اور ارتقا کا علم فراہم کرنا۔

۳۔ چند اہم مطالعہ متن مثلاً گذرا ہوا زمانہ (دلو میاں)، غبارِ خاطر، یادگارِ غالب، خطوطِ غالب اور چیدگی کا جنازہ وغیرہ کے حوالے سے غیر افسانوی نثر کے امتیازات اور خصوصیات سے آگاہ کرنا

## Paper IX Folk Literature عوامی ادب

۱۔ طلباء میں عوامی ادب کے تصور کو واضح کرنا اور ہندوستان میں عوامی ادب کے اولین نقوش مثلاً قصہ گوئی، لوک کہانیاں، لوک ناٹک، لوک گیت، مذہبی مرثیہ، بارہ ماسے، گیت، دوہے کی روایت سے روشناس کرانا۔

۲۔ عوامی سطح پر لوک ادب کے مطابق ذہنی تربیت، ملک و سماج کی طرف متوجہ کرنا اور ہندوستانی قدیم رسم و رواج سے باخبر کرنا۔

3۔ عوامی ادب کے ذریعے اخلاقیات کے ساتھ ساتھ مشترکہ تہذیبی عناصر سے روشناس کرانا تاکہ طلباء کی ذہنی اور اخلاقی تربیت ہو سکے اور وہ ملک و سماج اور انسانی برادری کے لئے نفع بخش بن سکیں۔

MA Urdu **Semester III** 2019-20

Paper XI Urdu Nazm

اردو نظم

۱- نظم کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی روایت اور مختلف اقسام سے طلبا کو واقف کرانا۔

2 - نظم کے مختلف ادوار، مختلف نظم گو شعرا، ان کی نظموں کے مختلف موضوعات اور فکری و فنی خوبیوں سے طلبا کو واقف کرانا۔

3 - نظم نے آزادی کے بعد عوامی بیداری کے ساتھ قومی یکجہتی کو فروغ دینے میں جو نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ نظم کے اس تاریخی کردار سے طلبا کو باخبر کرانا تاکہ انھیں قومی یکجہتی کی جڑیں مضبوط ہوں۔

Paper XIV Special study - Nazm (A-Meer Taqi Meer)

خصوصی مطالعہ نظم (الف - میر تقی میر)

۱- طلبا کو خصوصی مطالعہ کے تحت کسی ایک اہم ادبی شخصیت کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرانا۔

2 - خصوصی مطالعہ میر کے ذریعہ ان کی پوری زندگی کے بارے میں بتاتے ہوئے اس عہد کے تہذیبی منظرنامے کو طلبا کے سامنے پیش کرنا تاکہ وہ اس عہد کے ماحول سے واقف ہو کر میر کی شاعری کا تجزیہ بخوبی کر سکیں

3 - غزل کے علاوہ میر کی دیگر اہم تخلیقات مثلاً میر کی مثنویاں، میر کی تذکرہ نکات الشعرا، میر کی آپ بیتی وغیرہ سے طلبا سے طلبا کو متعارف کرانا تاکہ وہ میر کی غزلوں کے علاوہ ان کی دیگر تخلیقات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔

4- اہم متن کے مطالعہ کے ذریعہ مثلاً مثنوی دریائے عشق، ذکر میر اور چند اہم غزلیات کے ذریعہ طلبا کو میر کے فنی اسلوب اور فکری نظریات سے روشناس

MA Urdu Semester III 2019-20

Paper- XII Mass Media ماس میڈیا

1- طلباء کو ماس میڈیا کی تعریف بتاتے ہوئے اس کی ہماری موجودہ زندگی میں اہمیت اور افادیت کو واضح کرنا۔

2- ماس میڈیا کے مختلف اقسام کا علم دیتے ہوئے اردو اور ماس میڈیا کے رشتے پر روشنی ڈالتے ہوئے ادب میں ماس میڈیا کی افادیت سے آگاہ کرنا

3- انفارمیشن ٹیکنالوجی مثلاً ریڈیو، ٹیلی ویژن، فلم، انٹرنیٹ کی معلومات دیتے ہوئے طلبا کو ان کی اہمیت اور دورِ حاضر میں اس کی ضرورت کا احساس دلانا۔

4- صحافت اور ڈراما کی اہمیت کو طلبا کو بتاتے ہوئے صحافت کے طریقۂ کار سے اچھی روشناس کرانا۔

Paper XIII Special Study - Nasr (A- Sir Syed Ahmd Khan)

خصوصی مطالعہ نثر (الف: سرسید احمد خاں)

1- طلباء کو خصوصی مطالعہ کے تحت ایک اہم نثر نگار سرسید احمد خاں کی ادبی شخصیت کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرانا

2- خصوصی مطالعہ میں سرسید کی سوانح پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کے عہد کا تہذیبی منظر پیش کرنا تاکہ طالبات ان کے ماحول کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کی تحریروں کا تجزیاتی جائزہ لے سکیں۔

MA Urdu **Semester IV** 2019-20

## Paper XVI Composite Traditions of Urdu & Hindi Liter

### اردو اور ہندی ادب کی مشترکہ روایت

1۔ اردو ادب اور ہندی ادب کی تاریخ کا جائزہ لیتے ہوئے اردو ہندی کے لسانی تقابل پر روشنی ڈالتے ہوئے طلباء میں دونوں زبانوں میں مماثلت اور امتیازات سے آگاہی فراہم کرنا۔

2۔ مطالعہ متن مثلاً سانپ، پھلتک، گیت فروش، رامائن کا ایک سین، نیا شوالہ وغیرہ ~~[illegible]~~ نظم کی اصناف کے ذریعے طالبات کو مشترکہ تہذیب سے آگاہ کرانا۔

3۔ پازیب، حنیف کی دعوت، عیدگاہ، چوتھی کا جوڑا وغیرہ نثری اصناف اور مصنفین کی کاوشوں سے طلباء کو روشناس کرانا۔

## Paper XIX Classical Literature

### کلاسیکی ادب

1۔ اس پرچے کا مقصد طلباء میں کلاسیکیت کی اہمیت واضح کرتے ہوئے دکنی اور شمالی ہند میں کلاسیکی نظم و نثر کے مطالعہ کا شوق پیدا کرنا۔

2۔ داستان، منظوم داستان، مثنوی، قصیدہ اور مرثیہ کے توسط سے اردو تہذیب اور اخلاقی قدروں سے طلباء کو واقف کرانا تاکہ طلباء تہذیب و شائستگی، ادب و احترام اور زندگی کے آداب اپنا کر معاشرے کے لئے ایک مثال بن سکیں۔

## MA Urdu Semester IV 2019-20

### Paper XVII Modern Literature جدید ادب

1. طلباء کو جدید ادب کی خوبیاں بتاتے ہوئے مختلف تحریکات مثلاً ترقی پسند تحریک، حلقہ ارباب ذوق وغیرہ کے حوالے سے جدید ادب کی ابتداء اور اس کی اہمیت سے واقف کرانا۔
2. جدید ادب کی فکری اساس کی معلومات فراہم کرتے ہوئے طالبات کو جدید رجحانات سے آگاہ کرانا۔
3. مطالعہ متن شاعری اور نثر کے ذریعہ جدید طرز اور تکنیک اور اسلوب سے طلباء کو روشناس کرانا
4. طلباء کو جدید ادب کی روایت سے واقف کراتے ہوئے جدید نقطۂ نظر سے آگاہ کرانا۔

### Paper XVIII (B) Essay & Translation

(ب) مضمون اور ترجمہ نگاری

1. طلباء کو مضمون نگاری کی تعریف و اہمیت کے بارے میں بتاتے ہوئے اس کے اصناف اور اصول و ضوابط سے آگاہ کرانا۔
2. طلباء کو ترجمہ نگاری کے فن، تکنیک اور اہمیت کے بارے میں بتاتے ہوئے اس کے اصول اور مسائل سے آگاہ کرانا۔
3. ترجمہ نگاری کے فروغ میں اہم ادارے مثلاً فورٹ ولیم کالج، دہلی کالج، دارالترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی کی کاوشوں سے طلباء کی واقفیت حاصل کرانا۔
4. طلباء کو ترجمہ کرنے کا شعور اور مضمون نگاری کا طریقہ سکھانا۔